14/02/2026

12.30/ PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

خراج

پلوامہ دہشت گردانہ □ملے کے آج سات سال مکمل ہونے پر اس □ملے میں شہید ہوئے فوجی جوانوں کو قوم خراج پیش کر رہی ہے ۔

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو ، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن ، وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور دیگر کئی اہم شخصیات نے ان جوانوں کی عظیم قربانی کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ قوم ان عظیم سپوتوں کی لا زوال قربانی، بے مثال جرت اوروطن سے غیر متزلزل وفاداری کو سلام پیش کررہی ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی پلوامہ □ملے میں شہید ہوئے جوانوں کو خراج پیش کیا۔ایل جی نے کہاکہ مادر وطن کیلئے ان جوانوں کی عظیم قربانی قوم کو ہمیشہ متاثر کرتی رہے گی۔

گونگل

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر ل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے شالیمار کیمپس میں زرعی میلے" گونگل" کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر وزیر زراعت جاوید ا□مد ڈار یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر ا□مد گنائی یونیورسٹ کی ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر ری□انہ □بیب کنٹھ یونیورسٹی کے دیگر افسران اور سائنس دان بھی موجود تھے۔

دریں اثنا جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے بھی بعد میں اس میلے میں لگے سٹالوں کا معائینہ کیا ۔ گونگل میلہ تین روز تک جاری رہے گا۔

ہیرتھ مبارکباد

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ہیرتھ تہوار کے موقعے پر کشمیری پنڈت برادری کودلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے امن ، خوشحالی اور بھائی چارے کی دعا کرتے ہوئے کہاکہ تہوار کشمیریت اور فرقہ ورانہ ہم آہنگی کو مزید مضبوط کرے گا اور معاشرے میں یگانگت کو فروغ دے گا ۔

کابینہ وزیر ستیش شرما نے بھی ہیرتھ کے موقعے پر کشمیری پنڈت برادری کو مبارکبا د دی ہے۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کرفار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔ تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔ جموں کشمیر اینٹی کورپشن بیورو کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے کہا۔

چیف سیکریٹری

کمیٹی نے پردھان منتری راشٹریہ کرشی وکاس یوجنا کے تحت مالی سال Sanctioning سٹیٹ لیول 2026-27کیلئے 289کروڑ روپے کے سالانہ ایکشن پلان کو منظوری دی ہے۔ میٹنگ کی صدارت چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کی ۔ ایکشن پلان میں ڈیجیٹل ایگریکلچر ، قدرتی کھیتی ، مائیکرو آبپاشی ، باغبانی اور بانس مشن سمیت کئی اسکیمیں شامل ہیںتاکہ کسانوں کی آمدنی اور غذائی تحفظ کو مضبوط بنایاجا سکے۔

بارہمولہDC

سوریہ گھر مفت PM ڈپٹی کمشنر بارہمولہ مینگا شیر پا نے ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے بجلی یوجنا کے نفاذ کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں مختلف بجلی ڈویژنوں اور بینکوں کی کار کردگی ، موصولہ درخواستوں ، منظور شدہ کیسز اور روف ٹاپ سولر تنصیبات کی پیشرفت پر غور کیا گیا ۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقعے پر درخواستوں کی منظوری اور قرضوں کی جلد واگذاری کی ہدایت دیتے ہوئے متعلقہ محکمونکوہدف کے بر وقت حصول کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

بانڈی پورہDC

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے ضلع میں مردم شماری 2027کی تیاریوں کا ایک میٹنگ مینجائزہ لیا۔ میٹنگ میں ضلع و تحصیل سطح پر مردم شماری سیلز کے قیام ، عملے کی تعیناتی ، ماسٹر ٹرینرس اور شمار کنند گان کی نامزدگی پر غور وخوض کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقعے پر بین محکمہ جاتی تعاون اور موثر منصوبہ بندی پر زور دیا۔

ڈائریکٹر شیپ

م□کمہ شیپ ہسبنڈی کشمیر کے ڈائریکٹر ڈاکٹر رفیق ا□مد شاہ نے لال منڈی سرینگرمیںایک میٹنگ اورنبارڈ سمیت مختلف اسکیموں کی HADP,CSS کی صدارت کرتے ہوئے یو ٹی کیپکس بجٹ ، پیشرفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں مالی و دیگراہداف ،ایلیٹ شیٹ مشن اور اینمل Identification پروجیکٹ پربھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقعے ڈائریکٹر موصوف نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ فنڈ س کے بر وقت استعمال اور مقررہ اہداف کے تکمیل کو یقینی بنائیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا □افظ

....

....

.....